● **تحفظ عقائد اہلسنت** مرتب: مولانا عبدالرحیم حق چاریاری

ضخامت: ۸۱۲صفحات ناشر: جامعہ حنفیہ شیخوپورہ روڈ فیصل آباد 03217837313

زیر نظر مجموعہ میں شیخ محمد بن علوی المالکی مصنف (مفاهيم يجب ان تصحح) کے نظریات سے بحث کرتے ہوئے یہ ثابت کیا گیا ہے کہ شیخ محمد بن علوی المالکی بریلوی مسلک سے تعلق رکھتے ہیں۔اس ضخیم مجموعہ میں قاضی مظہر حسین صاحبؒ، مفتی عبدالشکور ترمذیؒ، مفتی محمد یوسف لدھیانویؒ، مفتی عبدالستار ملتانیؒ، مولانا محمد امین صفدر اوکاڑوی، مفتی محمد تقی عثمانی، مفتی عبدالواحد صاحب وغیرہم کی تحریریں شامل ہیں یہ مجموعہ اٹھ ابواب پر مشتمل ہے جس میں محمد بن علوی مالکی کے نظریات کے تمام پہلوؤں اور خدوخال پر مباحث موجود ہیں۔ بیشتر مباحث میں مسلکی مسائل کو اچھالا گیا ہے، بعض مقامات پر انداز بیان جادۂ اعتدال سے ہٹ کر ہے البتہ مسلکی مسائل اور مناظرہ ومباحثہ نے دلچسپی رکھنے والے کچھ نہ کچھ استفادہ کرسکتے ہیں۔(مبصر: اسرار مدنی)

● **فہم میراث کی آسان راہیں** مؤلف: مفتی امتیاز خان جدون

ضخامت: ۷۲صفحات ناشر: داراحیاء المیراث کراچی

زیر تبصرہ رسالہ ''فہم میراث کی آسان راہیں'' مشہور کتاب سراجی سے قبل درساً پڑھانے کیلئے مرتب کیا گیا ہے اور جید علماء سے داد تحسین بھی وصول کر چکے ہیں۔ یہ مختصر مگر جامع اور سہل ترین رسالہ ہے جس میں سراجی اور میراث کے تقریباً تمام مباحث کو آسان اسلوب وپیرائے میں بیان کر کے مفتی بہا اقوال کو ترجیح دی ہے ہر سبق کے بعد تمارین بھی اچھے انداز سے مرتب کی گئیں ہیں۔

رسالہ کے آخر میں سو(۱۰۰) سوالات دیئے گئے ہیں جس سے طلبہ اس فن میں فاضلانہ مناسبت اور مہارت حاصل کر سکتے ہیں، یہ ایک علمی کاوش ہے جو نہایت ہی عرقریزی سے مرتب کیا گیا ہے۔اللہ مولف کے مساعی جمیلہ کو قبول فرمائے اور مزید اس فن میں نکھار پیدا کرنے کی توفیق سے نوازے۔

● **ہدیہ خواتین (۲حصے)** مرتب: مولانا محمد عثمان نوی والا

ضخامت: ۲۰۰صفحات ناشر: بیت العلم ٹرسٹ کراچی

زیر تبصرہ کتاب میں خواتین کے مخصوص مسائل کو نہایت آسان اور عام فہم انداز میں پیش کیا گیا ہے۔کتاب کے دو حصے ہیں پہلے حصے میں خواتین کے مخصوص ایام (حیض ونفاس) کے تفصیلات جبکہ حصہ دوم میں اولاد کے پیدائش کے متعلق مباحث پر شامل ہیں۔ اپنے موضوع پر بہترین کتاب ہے، اللہ تعالیٰ اس کتاب کے ذریعے مسلم خواتین میں دینی تعلیمات کا شعور اور اسلامی تعلیمات پر عمل کرنے کا جذبہ پیدا فرمائے اور اسے مؤلف کتاب کیلئے وسیلہ نجات بنائے۔